# Envoys of four Nations present Credentials to the President of India

October 26, 2021

# ، صدر جمہوریہ ہند کو اپنی  نے چار ملکوں کےسفیروں اسناد پیش کیں

**اکتوبر 2021 26**

صدر جمہوریہ ہند جناب رام ناتھ کووند نے ، راشٹرپتی بھون کے اشوک ہال میں آج ( 26 اکتوبر 2021) گرینڈ ڈچی آف لگژمبرگ، جمہوریہ سلووینیا ، اسرائیل اور مصر کی ارب جمہوریہ کے سفیروں کی اسناد قبول کیں ۔ کووڈ – 19 عالمی وبا کے بعد سے اس طرح کی یہ پہلی تقریب تھی جس میں سبھی شرکاء تقریب کی جگہ پر خود موجود تھے ۔ جن شخصیتوں نے اپنی اسناد پیش کیں وہ اس طرح ہیں :

1. عزّت مآب محترمہ پیگی فرینٹ زین، گرینڈ ڈچی آف لگژمبرگ کی سفیر
2. عزّت مآب محترمہ متیجا ودیب گھوش ، جمہوریہ سلووینیا کی سفیر
3. عزّت مآب محترم ناؤر گلون، اسرائیل کے سفیر
4. عزّت مآب محترم وائل محمد اود حامد، ارب جمہوریہ مصر کے سفیر

صدر جمہوریہ نے اسناد قبول کئے جانے کے بعد ، چاروں سفیروں سے الگ الگ بات چیت کی۔صدر جمہوریہ نے سفیروں کو ان کے تقرر پر مبارک باد دی اور دو طرفہ تعلقات کو مستحکم بنانے میں کامیابی کے لئے نیک خواہشات پیش کیں نیز دوستانہ عوام کو ان کی تندرستی ، ترقی اور خوشحالی کے لئے خواہشات پیش کیں ۔ بات چیت کے دوران صدر جمہوریہ نے ان ملکوں کے ساتھ قریبی رشتوں اور کثیر جہتی تعلقات کو بھی اجاگر کیا ۔

صدر جمہوریہ نے ان سفیروں کے ذریعہ اپنے ذاتی احترام کے پیغامات بھی ارسال کئے ۔ اس تقریب میں موجود سفیروں نے ، بھارت کے ساتھ اپنے تعلقات مستحکم بنانے کے مقصد سے قریبی کام کرنے کے اپنے عزم کو دوہرایا ۔

**نئی دہلی**

**اکتوبر 2021 26**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.